www.KitaboSunnat.com

فیصلہ تو ہوسکتا ہے کسی اہل علم کا نہیں۔

ہماری آج بھی دعوت عام ہے کہ رُشد حصہ سوم آپ کے ہاتھوں میں ہے، اتریے دلائل وبراہین کے میدان میں مجلّہ ہذا کے مضامین پر علمی رائے کا اظہار فرمایئے، ہمیں خوشی ہوگی۔

ہم اُمید رکھتے ہیں کہ اہل علم ودانش اب کی بار علم ودانش کو بروئے کار لاتے ہوئے دشنام طرازی اور جذباتیت کی فضا پیدا کرنے کی بجائے مجلّہ ہذا پر علمی رائے کا اظہار فرمائیں گے۔ ہمیں انتظار رہے گا۔

حافظ نعیم الرحمٰن ناصف

[فاضل کلیۃ الشریعۃ، رُکن مجلس التحقیق الاسلامی]

انتساب رُشد قراءات نمبر

شیخ القراء محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ ادارۂ رُشد کے تمام ذمہ داران اور ارکان (ڈاکٹر حافظ حسن مدنی، حافظ انس نضر، ڈاکٹر حافظ حمزہ مدنی، حافظ نعیم الرحمٰن ناصف، حافظ محمد مصطفیٰ راسخ، حافظ فہد اللہ مراد، حافظ محمد زُبیر تیمی، قاری اختر علی اَرشد، کلیم اللہ حیدر اور حافظ محمد عمر فاروقی وغیرہم) کے محترم اُستاد ہیں۔ رُشد قراءات نمبر کی فکر بھی حضرت قاری صاحب ﷾ کی تحریک پر ہی پیدا ہوئی۔ ادارہ تمام قراءات نمبروں کا انتساب شیخ القراء محترم قاری محمد ابراہیم میر محمدی کی طرف کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کارِ عظیم کو قاری صاحب کیلئے صدقۂ جاریہ بنائے۔ آمین [ادارہ]

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ